PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

ثقلین مشتاق چیمپئنز ون ڈے کپ میں پینتھرز کے مینٹور ہونگے

- میرا مقصد کھلاڑیوں کی بہترین صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے، ثقلین مشتاق

لاہور، 3 ستمبر 2024ء:

پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق آف اسپنر ثقلین مشتاق کو اس ماہ ہونے والے چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے پینتھرز کا مینٹور مقرر کردیا گیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ 12 سے 29 ستمبر تک فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔

پینتھرز کو ٹریننگ اور پریکٹس کے لیے ملتان میں انضمام الحق کرکٹ اکیڈمی دی گئی ہے۔

اب تک شعیب ملک، مصباح الحق اور وقار یونس کو بالترتیب اسٹالینز، وولوز اور لائنز کا مینٹور مقرر کیا جاچکا ہے۔ سرفراز احمد اپنی ٹیم کے نام اور لوگو کی رونمائی بھی اسی ہفتے کریں گے۔

چیمپئنز ون ڈے کپ میں ملک کے 150 بہترین کرکٹرز شامل ہوں گے۔ یہ 50 اوورز کا ٹورنامنٹ ہوگا اور یہ سنگل لیگ فارمیٹ میں کھیلا جائے گا۔ پینتھرز پہلے دن 12 ستمبر کو مصباح الحق کی وولوز کے خلاف مہم کا آغاز کرے گی۔

ثقلین مشتاق کو دوسرا کا موجد سمجھا جاتا ہے؛ انہیں ون ڈے انٹرنیشنل میں ایک کیلنڈر سال میں سب سے زیادہ 69 وکٹیں حاصل کرنے کا اعزاز حاصل ہے انہوں نے اپنا ہی 65 وکٹوں کا عالمی ریکارڈ بہتر بنایا تھا۔

ثقلین مشتاق نے 1999 میں بھارت کے خلاف چنئی اور دہلی ٹیسٹ میں لگاتار دو مرتبہ 10 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ 1999 کے عالمی کپ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے واحد پاکستانی بولر بن گئے۔ یہ ان کی دوسری ون ڈے ہیٹ ٹرک تھی۔

وہ 2000 میں وزڈن کرکٹرز آف دی ایئر میں بھی شامل تھے۔

ثقلین مشتاق نے تین ورلڈ کپ اور دو چیمپیئنز ٹرافی میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ وہ ٹاپ کرکٹ کھیلنے والے ممالک بشمول پاکستان، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، ویسٹ انڈیز اور بنگلہ دیش کی کوچنگ کر چکے ہیں۔

ثقلین مشتاق کا مینٹور بنائے جانے پر کہنا ہے کہ آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی 2025 کی تیاریاں چیمپیئنز ون ڈے کپ سے شروع ہو رہی ہیں اور میں پینتھرز کے مینٹور کے طور پر کلیدی کردار ادا کرنے پر بہت خوش ہوں، ایک ایسی ٹیم جس میں بہترین ٹیلنٹ موجود ہے میرا مقصد واضح ہے کہ ان کھلاڑیوں کی کارکردگی کو بلند کرنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ آگے بڑھانا تاکہ ہم چیمپیئنز ٹرافی میں اپنے اعزاز کا دفاع کر سکیں۔

چیمپیئنز ون ڈے کپ محض ایک ٹورنامنٹ نہیں ہے بلکہ یہ نوجوان ٹیلنٹ کے لیے ایک اہم قدم ہے اور پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ یہ راستہ بہترین ٹیلنٹ کی پرورش کرے گا جو پاکستان کرکٹ بورڈ کو تمام فارمیٹس میں مضبوط، مسابقتی ٹیمیں بنانے کے قابل بنائے گا۔ میں چاہوں گا کہ کھلاڑی شائقین اور تمام اسٹیک ہولڈرز چیمپیئنز ون ڈے کپ کی مکمل حمایت کریں ہم مل کر پاکستان کرکٹ کے روشن اور مضبوط مستقبل کی مضبوط بنیاد رکھ کر اس کی کامیابی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

پینتھرز کے میچوں کا شیڈول (دن کا میچ صبح 9.30 بجے شروع ہو گا، ڈے نائٹ میچز دوپہر 3 بجے شروع ہوں گے)

12 ستمبر۔پینتھرز بمقابلہ وولوز۔ڈے نائٹ۔

14 ستمبر۔پینتھرز بمقابلہ ڈولفنز۔ڈے نائٹ۔

16 ستمبر۔پینتھرز بمقابلہ لائنز۔ڈے میچ۔

21 ستمبر۔پینتھرز بمقابلہ اسٹالینز ڈے نائٹ۔

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial